2019ء	27 شوال 1440ھ پیر	29 ذی القعدہ 1440ھ جمعرات	یکم محرم 1441ھ اتوار	یکم صفر 1441ھ منگل	3 ربیع الاول 1441ھ جمعہ	3 ربیع الثانی 1441ھ اتوار
2020ء	10 ذی القعدہ 1441ھ بدھ	11 ذوالحجہ 1441ھ ہفتہ	13 محرم 1442ھ منگل	13 صفر 1442ھ جمعرات	15 ربیع الاول 1442ھ اتوار	15 ربیع الثانی 1442ھ منگل
2021ء	21 ذی القعدہ 1442ھ جمعرات	22 ذوالحجہ☆ 1442ھ اتوار	23 محرم 1443ھ بدھ	23 صفر 1443ھ جمعہ	25 ربیع الاول 1443ھ پیر	25 ربیع الثانی 1443ھ بدھ
2022ء	یکم ذوالحجہ 1443ھ جمعہ	3 محرم 1444ھ پیر	4 صفر 1444ھ جمعرات	5 ربیع الاول 1444ھ ہفتہ	6 ربیع الثانی 1444ھ منگل	7 جمادی الاولیٰ 1444ھ جمعرات
2023ء	12 ذوالحجہ 1444ھ ہفتہ	14 محرم 1445ھ منگل	15 صفر 1445ھ جمعہ	16 ربیع الاول 1445ھ اتوار	17 ربیع الثانی 1445ھ بدھ	18 جمادی الاولیٰ 1445ھ جمعہ
2024ء	24 ذوالحجہ☆ 1445ھ پیر	25 محرم 1446ھ جمعرات	26 صفر 1446ھ اتوار	27 ربیع الاول 1446ھ منگل	28 ربیع الثانی 1446ھ جمعہ	29 جمادی الاولیٰ 1446ھ اتوار
2025ء	5 محرم 1447ھ منگل	6 صفر 1447ھ جمعہ	8 ربیع الاول 1447ھ پیر	8 ربیع الثانی 1447ھ بدھ	10 جمادی الاولیٰ 1447ھ ہفتہ	10 جمادی الثانیہ 1447ھ پیر

تعداد ایام: رجب (30) شعبان (29) رمضان (30) شوال (29) ذی القعدہ (30) ذوالحجہ (29) ذوالحجہ☆ 30

عیسوی	یکم جنوری	یکم فروری	یکم مارچ	یکم اپریل	یکم مئی	یکم جون
2026ء	12 رجب 1447ھ جمعرات	13 شعبان 1447ھ اتوار	12 رمضان 1447ھ اتوار	13 شوال 1447ھ بدھ	14 ذی القعدہ 1447ھ جمعہ	15 ذوالحجہ☆ 1447ھ پیر
2027ء	22 رجب 1448ھ جمعہ	23 شعبان 1448ھ پیر	22 رمضان 1448ھ پیر	23 شوال 1448ھ جمعرات	24 ذی القعدہ 1448ھ ہفتہ	25 ذوالحجہ 1448ھ منگل
2028ء	3 شعبان 1449ھ ہفتہ	5 رمضان 1449ھ منگل	4 شوال 1449ھ بدھ	6 ذی القعدہ 1449ھ ہفتہ	6 ذوالحجہ 1449ھ پیر	8 محرم 1450ھ جمعرات
2029ء	15 شعبان 1450ھ پیر	17 رمضان 1450ھ جمعرات	15 شوال 1450ھ جمعرات	17 ذی القعدہ 1450ھ اتوار	17 ذوالحجہ☆ 1450ھ منگل	18 محرم 1451ھ جمعہ
2030ء	25 شعبان 1451ھ منگل	27 رمضان 1451ھ جمعہ	25 شوال 1451ھ جمعہ	27 ذی القعدہ 1451ھ پیر	27 ذوالحجہ 1451ھ بدھ	29 محرم 1452ھ ہفتہ
2031ء	7 رمضان 1452ھ بدھ	8 شوال 1452ھ ہفتہ	7 ذی القعدہ 1452ھ ہفتہ	8 ذوالحجہ 1452ھ منگل	9 محرم 1453ھ جمعرات	10 صفر 1453ھ اتوار
2032ء	18 رمضان 1453ھ جمعرات	19 شوال 1453ھ اتوار	19 ذی القعدہ 1453ھ پیر	20 ذوالحجہ☆ 1453ھ جمعرات	20 محرم 1454ھ ہفتہ	21 صفر 1454ھ منگل
2033ء	29 رمضان 1454ھ ہفتہ	یکم ذی القعدہ 1454ھ منگل	29 ذی القعدہ 1454ھ منگل	یکم محرم 1455ھ جمعہ	یکم صفر 1455ھ اتوار	3 ربیع الاول 1455ھ بدھ
2034ء	10 شوال 1455ھ اتوار	12 ذی القعدہ 1455ھ بدھ	10 ذوالحجہ 1455ھ بدھ	12 محرم 1456ھ ہفتہ	12 صفر 1456ھ پیر	14 ربیع الاول 1456ھ جمعرات
2035ء	21 شوال 1456ھ پیر	23 ذی القعدہ 1456ھ جمعرات	21 ذوالحجہ☆ 1456ھ جمعرات	22 محرم 1457ھ اتوار	22 صفر 1457ھ منگل	24 ربیع الاول 1457ھ جمعہ
2036ء	2 ذی القعدہ 1457ھ منگل	3 ذوالحجہ 1457ھ جمعہ	3 محرم 1458ھ ہفتہ	4 صفر 1458ھ منگل	5 ربیع الاول 1458ھ جمعرات	6 ربیع الثانی 1458ھ اتوار
2037ء	14 ذی القعدہ 1458ھ جمعرات	15 ذوالحجہ☆ 1458ھ اتوار	13 محرم 1459ھ اتوار	14 صفر 1459ھ بدھ	15 ربیع الاول 1459ھ جمعہ	16 ربیع الثانی 1459ھ پیر
2038ء	24 ذی القعدہ 1459ھ جمعہ	25 ذوالحجہ 1459ھ پیر	24 محرم 1460ھ پیر	25 صفر 1460ھ جمعرات	26 ربیع الاول 1460ھ ہفتہ	27 ربیع الثانی 1460ھ منگل
2039ء	5 ذوالحجہ 1460ھ ہفتہ	7 محرم 1461ھ منگل	5 صفر 1461ھ منگل	7 ربیع الاول 1461ھ جمعہ	7 ربیع الثانی 1461ھ اتوار	9 جمادی الاولیٰ 1461ھ بدھ
2040ء	16 ذوالحجہ☆ 1461ھ اتوار	17 محرم 1462ھ بدھ	16 صفر 1462ھ جمعرات	18 ربیع الاول 1462ھ اتوار	18 ربیع الثانی 1462ھ منگل	20 جمادی الاولیٰ 1462ھ جمعہ

تعداد ایام: محرم (30) صفر (29) ربیع الاول (30) ربیع الثانی (29) جمادی الاولیٰ (30) جمادی الثانیہ (29)

عیسوی	یکم جولائی	یکم اگست	یکم ستمبر	یکم اکتوبر	یکم نومبر	یکم دسمبر
2026ء	15 محرم 1448ھ بدھ	16 صفر 1448ھ ہفتہ	18 ربیع الاول 1448ھ منگل	18 ربیع الثانی 1448ھ جمعرات	20 جمادی الاولیٰ 1448ھ اتوار	20 جمادی الثانیہ 1448ھ منگل
2027ء	26 محرم 1449ھ جمعرات	27 صفر 1449ھ اتوار	29 ربیع الاول 1449ھ بدھ	29 ربیع الثانی 1449ھ جمعہ	یکم جمادی الثانیہ 1449ھ پیر	2 رجب 1449ھ بدھ
2028ء	8 صفر 1450ھ ہفتہ	10 ربیع الاول 1450ھ منگل	11 ربیع الثانی 1450ھ جمعہ	12 جمادی الاولیٰ 1450ھ اتوار	13 جمادی الثانیہ 1450ھ بدھ	14 رجب 1450ھ جمعہ
2029ء	18 صفر 1451ھ اتوار	20 ربیع الاول 1451ھ بدھ	21 ربیع الثانی 1451ھ ہفتہ	22 جمادی الاولیٰ 1451ھ پیر	23 جمادی الثانیہ 1451ھ جمعرات	24 رجب 1451ھ ہفتہ
2030ء	29 صفر 1452ھ پیر	یکم ربیع الثانی 1452ھ جمعرات	3 جمادی الاولیٰ 1452ھ اتوار	3 جمادی الثانیہ 1452ھ منگل	5 رجب 1452ھ جمعہ	5 شعبان 1452ھ اتوار
2031ء	11 ربیع الاول 1453ھ منگل	12 ربیع الثانی 1453ھ جمعہ	14 جمادی الاولیٰ 1453ھ پیر	14 جمادی الثانیہ 1453ھ بدھ	16 رجب 1453ھ ہفتہ	16 شعبان 1453ھ پیر
2032ء	22 ربیع الاول 1454ھ جمعرات	23 ربیع الثانی 1454ھ اتوار	25 جمادی الاولیٰ 1454ھ بدھ	25 جمادی الثانیہ 1454ھ جمعہ	27 رجب 1454ھ پیر	27 شعبان 1454ھ بدھ
2033ء	3 ربیع الثانی 1455ھ جمعہ	5 جمادی الاولیٰ 1455ھ پیر	6 جمادی الثانیہ 1455ھ جمعرات	7 رجب 1455ھ ہفتہ	8 شعبان 1455ھ منگل	9 رمضان 1455ھ جمعرات
2034ء	14 ربیع الثانی 1456ھ ہفتہ	16 جمادی الاولیٰ 1456ھ منگل	17 جمادی الثانیہ 1456ھ جمعہ	18 رجب 1456ھ اتوار	19 شعبان 1456ھ بدھ	20 رمضان 1456ھ جمعہ
2035ء	24 ربیع الثانی 1457ھ اتوار	26 جمادی الاولیٰ 1457ھ بدھ	27 جمادی الثانیہ 1457ھ ہفتہ	28 رجب 1457ھ پیر	29 شعبان 1457ھ جمعرات	30 رمضان 1457ھ ہفتہ
2036ء	7 جمادی الاولیٰ 1458ھ منگل	8 جمادی الثانیہ 1458ھ جمعہ	10 رجب 1458ھ پیر	10 شعبان 1458ھ بدھ	12 رمضان 1458ھ ہفتہ	12 شوال 1458ھ پیر
2037ء	17 جمادی الاولیٰ 1459ھ بدھ	18 جمادی الثانیہ 1459ھ ہفتہ	20 رجب 1459ھ منگل	20 شعبان 1459ھ جمعرات	22 رمضان 1459ھ اتوار	22 شوال 1459ھ منگل
2038ء	28 جمادی الاولیٰ 1460ھ جمعرات	29 جمادی الثانیہ 1460ھ اتوار	یکم شعبان 1460ھ بدھ	2 رمضان 1460ھ جمعہ	3 شوال 1460ھ پیر	4 ذی القعدہ 1460ھ بدھ
2039ء	9 جمادی الثانیہ 1461ھ جمعہ	11 رجب 1461ھ پیر	12 شعبان 1461ھ جمعرات	13 رمضان 1461ھ ہفتہ	14 شوال 1461ھ منگل	15 ذی القعدہ 1461ھ جمعرات
2040ء	20 جمادی الثانیہ 1462ھ اتوار	22 رجب 1462ھ بدھ	23 شعبان 1462ھ ہفتہ	24 رمضان 1462ھ پیر	25 شوال 1462ھ جمعرات	26 ذی القعدہ 1462ھ ہفتہ

تعداد ایام: رجب (30) شعبان (29) رمضان (30) شوال (29) ذی القعدہ (30) ذوالحجہ (29) ذوالحجہ☆30

عیسوی	یکم جنوری	یکم فروری	یکم مارچ	یکم اپریل	یکم مئی	یکم جون
2041ء	27 ذوالحجہ 1462ھ منگل	29 محرم 1463ھ جمعہ	27 صفر 1463ھ جمعہ	29 ربیع الاول 1463ھ پیر	29 ربیع الثانی 1463ھ بدھ	یکم جمادی الثانیہ 1463ھ ہفتہ
2042ء	9 محرم 1464ھ بدھ	10 صفر 1464ھ ہفتہ	9 ربیع الاول 1464ھ ہفتہ	10 ربیع الثانی 1464ھ منگل	11 جمادی الاولیٰ 1464ھ جمعرات	12 جمادی الثانیہ 1464ھ اتوار
2043ء	19 محرم 1465ھ جمعرات	20 صفر 1465ھ اتوار	19 ربیع الاول 1465ھ اتوار	20 ربیع الثانی 1465ھ بدھ	21 جمادی الاولیٰ 1465ھ جمعہ	22 جمادی الثانیہ 1465ھ پیر
2044ء	30 محرم 1466ھ جمعہ	2 ربیع الاول 1466ھ پیر	یکم ربیع الثانی 1466ھ منگل	3 جمادی الاولیٰ 1466ھ جمعہ	3 جمادی الثانیہ 1466ھ اتوار	5 رجب 1466ھ بدھ
2045ء	11 صفر 1467ھ اتوار	13 ربیع الاول 1467ھ بدھ	11 ربیع الثانی 1467ھ بدھ	13 جمادی الاولیٰ 1467ھ ہفتہ	13 جمادی الثانیہ 1467ھ پیر	15 رجب 1467ھ جمعرات
2046ء	22 صفر 1468ھ پیر	24 ربیع الاول 1468ھ جمعرات	22 ربیع الثانی 1468ھ جمعرات	24 جمادی الاولیٰ 1468ھ اتوار	24 جمادی الثانیہ 1468ھ منگل	26 رجب 1468ھ جمعہ
2047ء	4 ربیع الاول 1469ھ منگل	5 ربیع الثانی 1469ھ جمعہ	4 جمادی الاولیٰ 1469ھ جمعہ	5 جمادی الثانیہ 1469ھ پیر	6 رجب 1469ھ بدھ	7 شعبان 1469ھ ہفتہ
2048ء	14 ربیع الاول 1470ھ بدھ	15 ربیع الثانی 1470ھ ہفتہ	15 جمادی الاولیٰ 1470ھ اتوار	16 جمادی الثانیہ 1470ھ بدھ	17 رجب 1470ھ جمعہ	18 شعبان 1470ھ پیر
2049ء	26 ربیع الاول 1471ھ جمعہ	27 ربیع الثانی 1471ھ پیر	26 جمادی الاولیٰ 1471ھ پیر	27 جمادی الثانیہ 1471ھ جمعرات	28 رجب 1471ھ ہفتہ	29 شعبان 1471ھ منگل
2050ء	7 ربیع الثانی 1472ھ ہفتہ	9 جمادی الاولیٰ 1472ھ منگل	7 جمادی الثانیہ 1472ھ منگل	9 رجب 1472ھ جمعہ	9 شعبان 1472ھ اتوار	11 رمضان 1472ھ بدھ
2051ء	17 ربیع الثانی 1473ھ اتوار	19 جمادی الاولیٰ 1473ھ بدھ	17 جمادی الثانیہ 1473ھ بدھ	19 رجب 1473ھ ہفتہ	19 شعبان 1473ھ پیر	21 رمضان 1473ھ جمعرات
2052ء	28 ربیع الثانی 1474ھ پیر	30 جمادی الاولیٰ 1474ھ جمعرات	29 جمادی الثانیہ 1474ھ جمعہ	یکم شعبان 1474ھ پیر	2 رمضان 1474ھ بدھ	3 شوال 1474ھ ہفتہ
2053ء	11 جمادی الاولیٰ 1475ھ بدھ	12 جمادی الثانیہ 1475ھ ہفتہ	11 رجب 1475ھ ہفتہ	12 شعبان 1475ھ منگل	13 رمضان 1475ھ جمعرات	14 شوال 1475ھ اتوار
2054ء	21 جمادی الاولیٰ 1476ھ جمعرات	22 جمادی الثانیہ 1476ھ اتوار	21 رجب 1476ھ اتوار	22 شعبان 1476ھ بدھ	23 رمضان 1476ھ جمعہ	24 شوال 1476ھ پیر
2055ء	2 جمادی الثانیہ 1477ھ جمعہ	4 رجب 1477ھ پیر	2 شعبان 1477ھ پیر	4 رمضان 1477ھ جمعرات	4 شوال 1477ھ ہفتہ	6 ذی القعدہ 1477ھ منگل

تعداد ایام: محرم (30) صفر (29) ربیع الاول (30) ربیع الثانی (29) جمادی الاولیٰ (30) جمادی الثانیہ (29)

عیسوی	یکم جولائی	یکم اگست	یکم ستمبر	یکم اکتوبر	یکم نومبر	یکم دسمبر
2041ء	2 رجب 1463ھ پیر	3 شعبان 1463ھ جمعرات	5 رمضان 1463ھ اتوار	5 شوال 1463ھ منگل	7 ذی القعدہ 1463ھ جمعہ	7 ذوالحجہ 1463ھ اتوار
2042ء	13 رجب 1464ھ منگل	14 شعبان 1464ھ جمعہ	16 رمضان 1464ھ پیر	16 شوال 1464ھ بدھ	18 ذی القعدہ 1464ھ ہفتہ	18 ذوالحجہ☆ 1464ھ پیر
2043ء	23 رجب 1465ھ بدھ	24 شعبان 1465ھ ہفتہ	26 رمضان 1465ھ منگل	26 شوال 1465ھ جمعرات	28 ذی القعدہ 1465ھ اتوار	28 ذوالحجہ 1465ھ منگل
2044ء	5 شعبان 1466ھ جمعہ	7 رمضان 1466ھ پیر	8 شوال 1466ھ جمعرات	9 ذی القعدہ 1466ھ ہفتہ	10 ذوالحجہ☆ 1466ھ منگل	10 محرم 1467ھ جمعرات
2045ء	15 شعبان 1467ھ ہفتہ	17 رمضان 1467ھ منگل	18 شوال 1467ھ جمعہ	19 ذی القعدہ 1467ھ اتوار	20 ذوالحجہ 1467ھ بدھ	21 محرم 1468ھ جمعہ
2046ء	26 شعبان 1468ھ اتوار	28 رمضان 1468ھ بدھ	29 شوال 1468ھ ہفتہ	30 ذی القعدہ 1468ھ پیر	2 محرم 1469ھ جمعرات	2 صفر 1469ھ ہفتہ
2047ء	8 رمضان 1469ھ پیر	9 شوال 1469ھ جمعرات	11 ذی القعدہ 1469ھ اتوار	11 ذوالحجہ☆ 1469ھ منگل	12 محرم 1470ھ جمعہ	12 صفر 1470ھ اتوار
2048ء	19 رمضان 1470ھ بدھ	20 شوال 1470ھ ہفتہ	22 ذی القعدہ 1470ھ منگل	22 ذوالحجہ 1470ھ جمعرات	24 محرم 1471ھ اتوار	24 صفر 1471ھ منگل
2049ء	30 رمضان 1471ھ جمعرات	2 ذی القعدہ 1471ھ اتوار	3 ذوالحجہ 1471ھ بدھ	4 محرم 1472ھ جمعہ	5 صفر 1472ھ پیر	6 ربیع الاول 1472ھ بدھ
2050ء	11 شوال 1472ھ جمعہ	13 ذی القعدہ 1472ھ پیر	14 ذوالحجہ☆ 1472ھ جمعرات	14 محرم 1473ھ ہفتہ	15 صفر 1473ھ منگل	16 ربیع الاول 1473ھ جمعرات
2051ء	21 شوال 1473ھ ہفتہ	23 ذی القعدہ 1473ھ منگل	24 ذوالحجہ 1473ھ جمعہ	25 محرم 1474ھ اتوار	26 صفر 1474ھ بدھ	27 ربیع الاول 1474ھ جمعہ
2052ء	4 ذی القعدہ 1474ھ پیر	5 ذوالحجہ 1474ھ جمعرات	7 محرم 1475ھ اتوار	7 صفر 1475ھ منگل	9 ربیع الاول 1475ھ جمعہ	9 ربیع الثانی 1475ھ اتوار
2053ء	15 ذی القعدہ 1475ھ منگل	16 ذوالحجہ☆ 1475ھ جمعہ	17 محرم 1476ھ پیر	17 صفر 1476ھ بدھ	19 ربیع الاول 1476ھ ہفتہ	19 ربیع الثانی 1476ھ پیر
2054ء	25 ذی القعدہ 1476ھ بدھ	26 ذوالحجہ 1476ھ ہفتہ	28 محرم 1477ھ منگل	28 صفر 1477ھ جمعرات	30 ربیع الاول 1477ھ اتوار	یکم جمادی الاولیٰ 1477ھ منگل
2055ء	6 ذوالحجہ☆ 1477ھ جمعرات	7 محرم 1478ھ اتوار	8 صفر 1478ھ بدھ	9 ربیع الاول 1478ھ جمعہ	10 ربیع الثانی 1478ھ پیر	11 جمادی الاولیٰ 1478ھ بدھ

تعداد ایام: رجب(30) شعبان(29) رمضان(30) شوال(29) ذی القعدہ(30) ذوالحجہ(29) ذوالحجہ☆30

عیسوی	یکم جنوری	یکم فروری	یکم مارچ	یکم اپریل	یکم مئی	یکم جون
2056ء	12 جمادی الثانیہ 1478ھ ہفتہ	14 رجب 1478ھ منگل	13 شعبان 1478ھ بدھ	15 رمضان 1478ھ ہفتہ	15 شوال 1478ھ پیر	17 ذی القعدہ 1478ھ جمعرات
2057ء	24 جمادی الثانیہ 1479ھ پیر	26 رجب 1479ھ جمعرات	24 شعبان 1479ھ جمعرات	26 رمضان 1479ھ اتوار	26 شوال 1479ھ منگل	28 ذی القعدہ 1479ھ جمعہ
2058ء	6 رجب 1480ھ منگل	7 شعبان 1480ھ جمعہ	6 رمضان 1480ھ جمعہ	7 شوال 1480ھ پیر	8 ذی القعدہ 1480ھ بدھ	9 ذوالحجہ☆ 1480ھ ہفتہ
2059ء	16 رجب 1481ھ بدھ	17 شعبان 1481ھ ہفتہ	16 رمضان 1481ھ ہفتہ	17 شوال 1481ھ منگل	18 ذی القعدہ 1481ھ جمعرات	19 ذوالحجہ 1481ھ اتوار
2060ء	27 رجب 1482ھ جمعرات	28 شعبان 1482ھ اتوار	28 رمضان 1482ھ پیر	29 شوال 1482ھ جمعرات	30 ذی القعدہ 1482ھ ہفتہ	2 محرم 1483ھ منگل
2061ء	9 شعبان 1483ھ ہفتہ	11 رمضان 1483ھ منگل	9 شوال 1483ھ منگل	11 ذی القعدہ 1483ھ جمعہ	11 ذوالحجہ☆ 1483ھ اتوار	12 محرم 1484ھ بدھ
2062ء	19 شعبان 1484ھ اتوار	21 رمضان 1484ھ بدھ	19 شوال 1484ھ بدھ	21 ذی القعدہ 1484ھ ہفتہ	21 ذوالحجہ 1484ھ پیر	23 محرم 1485ھ جمعرات
2063ء	یکم رمضان 1485ھ پیر	2 شوال 1485ھ جمعرات	یکم ذی القعدہ 1485ھ جمعرات	2 ذوالحجہ 1485ھ اتوار	3 محرم 1486ھ منگل	4 صفر 1486ھ جمعہ
2064ء	12 رمضان 1486ھ منگل	13 شوال 1486ھ جمعہ	13 ذی القعدہ 1486ھ ہفتہ	14 ذوالحجہ☆ 1486ھ منگل	14 محرم 1487ھ جمعرات	15 صفر 1487ھ اتوار
2065ء	23 رمضان 1487ھ جمعرات	24 شوال 1487ھ اتوار	23 ذی القعدہ 1487ھ اتوار	24 ذوالحجہ 1487ھ بدھ	25 محرم 1488ھ جمعہ	26 صفر 1488ھ پیر
2066ء	4 شوال 1488ھ جمعہ	6 ذی القعدہ 1488ھ پیر	4 ذوالحجہ☆ 1488ھ پیر	5 محرم 1489ھ جمعرات	5 صفر 1489ھ ہفتہ	7 ربیع الاول 1489ھ منگل
2067ء	14 شوال 1489ھ ہفتہ	16 ذی القعدہ 1489ھ منگل	14 ذوالحجہ 1489ھ منگل	16 محرم 1490ھ جمعہ	16 صفر 1490ھ اتوار	18 ربیع الاول 1490ھ بدھ
2068ء	25 شوال 1490ھ اتوار	27 ذی القعدہ 1490ھ بدھ	26 ذوالحجہ 1490ھ جمعرات	28 محرم 1491ھ اتوار	28 صفر 1491ھ منگل	30 ربیع الاول 1491ھ جمعہ
2069ء	8 ذی القعدہ 1491ھ منگل	9 ذوالحجہ☆ 1491ھ جمعہ	7 محرم 1492ھ جمعہ	8 صفر 1492ھ پیر	9 ربیع الاول 1492ھ بدھ	10 ربیع الثانی 1492ھ ہفتہ
2070ء	18 ذی القعدہ 1492ھ بدھ	19 ذوالحجہ 1492ھ ہفتہ	18 محرم 1493ھ ہفتہ	19 صفر 1493ھ منگل	20 ربیع الاول 1493ھ جمعرات	21 ربیع الثانی 1493ھ اتوار

تعداد ایام: محرم(30) صفر(29) ربیع الاول(30) ربیع الثانی(29) جمادی الاولیٰ(30) جمادی الثانیہ(29)

عیسوی	یکم جولائی	یکم اگست	یکم ستمبر	یکم اکتوبر	یکم نومبر	یکم دسمبر
2056ء	17 ذوالحجہ 1478ھ ہفتہ	19 محرم 1479ھ منگل	20 صفر 1479ھ جمعہ	21 ربیع الاول 1479ھ اتوار	22 ربیع الثانی 1479ھ بدھ	23 جمادی الاولیٰ 1479ھ جمعہ
2057ء	28 ذوالحجہ 1479ھ اتوار	30 محرم 1480ھ بدھ	2 ربیع الاول 1480ھ ہفتہ	2 ربیع الثانی 1480ھ پیر	4 جمادی الاولیٰ 1480ھ جمعرات	4 جمادی الثانیہ 1480ھ ہفتہ
2058ء	9 محرم 1481ھ پیر	10 صفر 1481ھ جمعرات	12 ربیع الاول 1481ھ اتوار	12 ربیع الثانی 1481ھ منگل	14 جمادی الاولیٰ 1481ھ جمعہ	14 جمادی الثانیہ 1481ھ اتوار
2059ء	20 محرم 1482ھ منگل	21 صفر 1482ھ جمعہ	23 ربیع الاول 1482ھ پیر	23 ربیع الثانی 1482ھ بدھ	25 جمادی الاولیٰ 1482ھ ہفتہ	25 جمادی الثانیہ 1482ھ پیر
2060ء	2 صفر 1483ھ جمعرات	4 ربیع الاول 1483ھ اتوار	5 ربیع الثانی 1483ھ بدھ	6 جمادی الاولیٰ 1483ھ جمعہ	7 جمادی الثانیہ 1483ھ پیر	8 رجب 1483ھ بدھ
2061ء	12 صفر 1484ھ جمعہ	14 ربیع الاول 1484ھ پیر	15 ربیع الثانی 1484ھ جمعرات	16 جمادی الاولیٰ 1484ھ ہفتہ	17 جمادی الثانیہ 1484ھ منگل	18 رجب 1484ھ جمعرات
2062ء	23 صفر 1485ھ ہفتہ	25 ربیع الاول 1485ھ منگل	26 ربیع الثانی 1485ھ جمعہ	27 جمادی الاولیٰ 1485ھ اتوار	28 جمادی الثانیہ 1485ھ بدھ	29 رجب 1485ھ جمعہ
2063ء	5 ربیع الاول 1486ھ اتوار	6 ربیع الثانی 1486ھ بدھ	8 جمادی الاولیٰ 1486ھ ہفتہ	8 جمادی الثانیہ 1486ھ پیر	10 رجب 1486ھ جمعرات	10 شعبان 1486ھ ہفتہ
2064ء	16 ربیع الاول 1487ھ منگل	17 ربیع الثانی 1487ھ جمعہ	19 جمادی الاولیٰ 1487ھ پیر	19 جمادی الثانیہ 1487ھ بدھ	21 رجب 1487ھ ہفتہ	21 شعبان 1487ھ پیر
2065ء	27 ربیع الاول 1488ھ بدھ	28 ربیع الثانی 1488ھ ہفتہ	30 جمادی الاولیٰ 1488ھ منگل	یکم رجب 1488ھ جمعرات	2 شعبان 1488ھ اتوار	3 رمضان 1488ھ منگل
2066ء	7 ربیع الثانی 1489ھ جمعرات	9 جمادی الاولیٰ 1489ھ اتوار	10 جمادی الثانیہ 1489ھ بدھ	11 رجب 1489ھ جمعہ	12 شعبان 1489ھ پیر	13 رمضان 1489ھ بدھ
2067ء	18 ربیع الثانی 1490ھ جمعہ	20 جمادی الاولیٰ 1490ھ پیر	21 جمادی الثانیہ 1490ھ جمعرات	22 رجب 1490ھ ہفتہ	23 شعبان 1490ھ منگل	24 رمضان 1490ھ جمعرات
2068ء	یکم جمادی الاولیٰ 1491ھ اتوار	2 جمادی الثانیہ 1491ھ بدھ	4 رجب 1491ھ ہفتہ	4 شعبان 1491ھ پیر	6 رمضان 1491ھ جمعرات	6 شوال 1491ھ ہفتہ
2069ء	11 جمادی الاولیٰ 1492ھ پیر	12 جمادی الثانیہ 1492ھ جمعرات	14 رجب 1492ھ اتوار	14 شعبان 1492ھ منگل	16 رمضان 1492ھ جمعہ	16 شوال 1492ھ اتوار
2070ء	22 جمادی الاولیٰ 1493ھ منگل	23 جمادی الثانیہ 1493ھ جمعہ	25 رجب 1493ھ پیر	25 شعبان 1493ھ بدھ	27 رمضان 1493ھ ہفتہ	27 شوال 1493ھ پیر

تعداد ایام: رجب (30) شعبان (29) رمضان (30) شوال (29) ذی القعدہ (30) ذوالحجہ (29) ذوالحجہ☆30

عیسوی	یکم جنوری	یکم فروری	یکم مارچ	یکم اپریل	یکم مئی	یکم جون
2071ء	29 ذی القعدہ 1493ھ جمعرات	یکم محرم 1494ھ اتوار	29 محرم 1494ھ اتوار	یکم ربیع الاول 1494ھ بدھ	یکم ربیع الثانی 1494ھ جمعہ	3 جمادی الاولیٰ 1494ھ پیر
2072ء	10 ذوالحجہ☆ 1494ھ جمعہ	11 محرم 1495ھ پیر	10 صفر 1495ھ منگل	12 ربیع الاول 1495ھ جمعہ	12 ربیع الثانی 1495ھ اتوار	14 جمادی الاولیٰ 1495ھ بدھ
2073ء	21 ذوالحجہ 1495ھ اتوار	23 محرم 1496ھ بدھ	21 صفر 1496ھ بدھ	23 ربیع الاول 1496ھ ہفتہ	23 ربیع الثانی 1496ھ پیر	25 جمادی الاولیٰ 1496ھ جمعرات
2074ء	2 محرم 1497ھ پیر	3 صفر 1497ھ جمعرات	2 ربیع الاول 1497ھ جمعرات	3 ربیع الثانی 1497ھ اتوار	4 جمادی الاولیٰ 1497ھ منگل	5 جمادی الثانیہ 1497ھ جمعہ
2075ء	13 محرم 1498ھ منگل	14 صفر 1498ھ جمعہ	13 ربیع الاول 1498ھ جمعہ	14 ربیع الثانی 1498ھ پیر	15 جمادی الاولیٰ 1498ھ بدھ	16 جمادی الثانیہ 1498ھ ہفتہ
2076ء	24 محرم 1499ھ بدھ	25 صفر 1499ھ ہفتہ	25 ربیع الاول 1499ھ اتوار	26 ربیع الثانی 1499ھ بدھ	27 جمادی الاولیٰ 1499ھ جمعہ	28 جمادی الثانیہ 1499ھ پیر
2077ء	5 صفر 1500ھ جمعہ	7 ربیع الاول 1500ھ پیر	5 ربیع الثانی 1500ھ پیر	7 جمادی الاولیٰ 1500ھ جمعرات	7 جمادی الثانیہ 1500ھ ہفتہ	9 رجب 1500ھ منگل
2078ء	16 صفر 1501ھ ہفتہ	18 ربیع الاول 1501ھ منگل	16 ربیع الثانی 1501ھ منگل	18 جمادی الاولیٰ 1501ھ جمعہ	18 جمادی الثانیہ 1501ھ اتوار	20 رجب 1501ھ بدھ
2079ء	27 صفر 1502ھ اتوار	29 ربیع الاول 1502ھ بدھ	27 ربیع الثانی 1502ھ بدھ	29 جمادی الاولیٰ 1502ھ ہفتہ	29 جمادی الثانیہ 1502ھ پیر	یکم شعبان 1502ھ جمعرات
2080ء	8 ربیع الاول 1503ھ پیر	9 ربیع الثانی 1503ھ جمعرات	9 جمادی الاولیٰ 1503ھ جمعہ	10 جمادی الثانیہ 1503ھ پیر	11 رجب 1503ھ بدھ	12 شعبان 1503ھ ہفتہ
2081ء	20 ربیع الاول 1504ھ بدھ	21 ربیع الثانی 1504ھ ہفتہ	20 جمادی الاولیٰ 1504ھ ہفتہ	21 جمادی الثانیہ 1504ھ منگل	22 رجب 1504ھ جمعرات	23 شعبان 1504ھ اتوار
2082ء	یکم ربیع الثانی 1505ھ جمعرات	3 جمادی الاولیٰ 1505ھ اتوار	یکم جمادی الثانیہ 1505ھ اتوار	3 رجب 1505ھ بدھ	3 شعبان 1505ھ جمعہ	5 رمضان 1505ھ پیر
2083ء	11 ربیع الثانی 1506ھ جمعہ	13 جمادی الاولیٰ 1506ھ پیر	11 جمادی الثانیہ 1506ھ پیر	13 رجب 1506ھ جمعرات	13 شعبان 1506ھ ہفتہ	15 رمضان 1506ھ منگل
2084ء	22 ربیع الثانی 1507ھ ہفتہ	24 جمادی الاولیٰ 1507ھ منگل	23 جمادی الثانیہ 1507ھ بدھ	25 رجب 1507ھ ہفتہ	25 شعبان 1507ھ پیر	27 رمضان 1507ھ جمعرات
2085ء	4 جمادی الاولیٰ 1508ھ پیر	5 جمادی الثانیہ 1508ھ جمعرات	4 رجب 1508ھ جمعرات	5 شعبان 1508ھ اتوار	6 رمضان 1508ھ منگل	7 شوال 1508ھ جمعہ

تعداد ایام: محرم (30) صفر (29) ربیع الاول (30) ربیع الثانی (29) جمادی الاولیٰ (30) جمادی الثانیہ (29)

عیسوی	یکم جولائی	یکم اگست	یکم ستمبر	یکم اکتوبر	یکم نومبر	یکم دسمبر
2071ء	3جمادی الثانیہ 1494ھ بدھ	5رجب 1494ھ ہفتہ	6شعبان 1494ھ منگل	7رمضان 1494ھ جمعرات	8شوال 1494ھ اتوار	9ذی القعدہ 1494ھ منگل
2072ء	14جمادی الثانیہ 1495ھ جمعہ	16رجب 1495ھ پیر	17شعبان 1495ھ جمعرات	18رمضان 1495ھ ہفتہ	19شوال 1495ھ منگل	20ذی القعدہ 1495ھ جمعرات
2073ء	25جمادی الثانیہ 1496ھ ہفتہ	27رجب 1496ھ منگل	28شعبان 1496ھ جمعہ	29رمضان 1496ھ اتوار	یکم ذی القعدہ 1496ھ بدھ	یکم ذوالحجہ☆ 1496ھ جمعہ
2074ء	6رجب 1497ھ اتوار	7شعبان 1497ھ بدھ	9رمضان 1497ھ ہفتہ	9شوال 1497ھ پیر	11ذی القعدہ 1497ھ جمعرات	11ذوالحجہ 1497ھ ہفتہ
2075ء	17رجب 1498ھ پیر	18شعبان 1498ھ جمعرات	20رمضان 1498ھ اتوار	20شوال 1498ھ منگل	22ذی القعدہ 1498ھ جمعہ	22ذوالحجہ 1498ھ اتوار
2076ء	29رجب 1499ھ بدھ	یکم رمضان 1499ھ ہفتہ	2شوال 1499ھ منگل	3ذی القعدہ 1499ھ جمعرات	4ذوالحجہ☆ 1499ھ اتوار	4محرم 1500ھ منگل
2077ء	9شعبان 1500ھ جمعرات	11رمضان 1500ھ اتوار	12شوال 1500ھ بدھ	13ذی القعدہ 1500ھ جمعہ	14ذوالحجہ 1500ھ پیر	15محرم 1501ھ بدھ
2078ء	20شعبان 1501ھ جمعہ	22رمضان 1501ھ پیر	23شوال 1501ھ جمعرات	24ذی القعدہ 1501ھ ہفتہ	25ذوالحجہ 1501ھ منگل	26محرم 1502ھ جمعرات
2079ء	2رمضان 1502ھ ہفتہ	3شوال 1502ھ منگل	5ذی القعدہ 1502ھ جمعہ	5ذوالحجہ☆ 1502ھ اتوار	6محرم 1503ھ بدھ	6صفر 1503ھ جمعہ
2080ء	13رمضان 1503ھ پیر	14شوال 1503ھ جمعرات	16ذی القعدہ 1503ھ اتوار	16ذوالحجہ 1503ھ منگل	18محرم 1504ھ جمعہ	18صفر 1504ھ اتوار
2081ء	24رمضان 1504ھ منگل	25شوال 1504ھ جمعہ	27ذی القعدہ 1504ھ پیر	27ذوالحجہ 1504ھ بدھ	29محرم 1505ھ ہفتہ	29صفر 1505ھ پیر
2082ء	5شوال 1505ھ بدھ	7ذی القعدہ 1505ھ ہفتہ	8ذوالحجہ☆ 1505ھ منگل	8محرم 1506ھ جمعرات	9صفر 1506ھ اتوار	10ربیع الاول 1506ھ منگل
2083ء	15شوال 1506ھ جمعرات	17ذی القعدہ 1506ھ اتوار	18ذوالحجہ 1506ھ بدھ	19محرم 1507ھ جمعہ	20صفر 1507ھ پیر	21ربیع الاول 1507ھ بدھ
2084ء	27شوال 1507ھ ہفتہ	29ذی القعدہ 1507ھ منگل	30ذوالحجہ☆ 1507ھ جمعہ	30محرم 1508ھ اتوار	2ربیع الاول 1508ھ بدھ	2ربیع الثانی 1508ھ جمعہ
2085ء	8ذی القعدہ 1508ھ اتوار	9ذوالحجہ 1508ھ بدھ	11محرم 1509ھ ہفتہ	11صفر 1509ھ پیر	13ربیع الاول 1509ھ جمعرات	13ربیع الثانی 1509ھ ہفتہ

تعدادایام: رجب (30) شعبان (29) رمضان (30) شوال (29) ذی القعدہ (30) ذوالحجہ (29) ذوالحجہ☆30

عیسوی	یکم جنوری	یکم فروری	یکم مارچ	یکم اپریل	یکم مئی	یکم جون
2086ء	15 جمادی الاولیٰ 1509ھ منگل	16 جمادی الثانیہ 1509ھ جمعہ	15 رجب 1509ھ جمعہ	16 شعبان 1509ھ پیر	17 رمضان 1509ھ بدھ	18 شوال 1509ھ ہفتہ
2087ء	26 جمادی الاولیٰ 1510ھ بدھ	27 جمادی الثانیہ 1510ھ ہفتہ	26 رجب 1510ھ ہفتہ	27 شعبان 1510ھ منگل	28 رمضان 1510ھ جمعرات	29 شوال 1510ھ اتوار
2088ء	6 جمادی الثانیہ 1511ھ جمعرات	8 رجب 1511ھ اتوار	7 شعبان 1511ھ پیر	9 رمضان 1511ھ جمعرات	9 شوال 1511ھ ہفتہ	11 ذی القعدہ 1511ھ منگل
2089ء	18 جمادی الثانیہ 1512ھ ہفتہ	20 رجب 1512ھ منگل	18 شعبان 1512ھ منگل	20 رمضان 1512ھ جمعہ	20 شوال 1512ھ اتوار	22 ذی القعدہ 1512ھ بدھ
2090ء	29 جمادی الثانیہ 1513ھ اتوار	یکم شعبان 1513ھ بدھ	29 شعبان 1513ھ بدھ	یکم شوال 1513ھ ہفتہ	2 ذی القعدہ 1513ھ پیر	3 ذوالحجہ☆ 1513ھ جمعرات
2091ء	10 رجب 1514ھ پیر	11 شعبان 1514ھ جمعرات	10 رمضان 1514ھ جمعرات	11 شوال 1514ھ اتوار	12 ذی القعدہ 1514ھ منگل	13 ذوالحجہ 1514ھ جمعہ
2092ء	21 رجب 1515ھ منگل	22 شعبان 1515ھ جمعہ	22 رمضان 1515ھ ہفتہ	23 شوال 1515ھ منگل	24 ذی القعدہ 1515ھ جمعرات	25 ذوالحجہ 1515ھ اتوار
2093ء	3 شعبان 1516ھ جمعرات	5 رمضان 1516ھ اتوار	3 شوال 1516ھ اتوار	5 ذی القعدہ 1516ھ بدھ	5 ذوالحجہ☆ 1516ھ جمعہ	6 محرم 1517ھ پیر
2094ء	13 شعبان 1517ھ جمعہ	15 رمضان 1517ھ پیر	13 شوال 1517ھ پیر	15 ذی القعدہ 1517ھ جمعرات	15 ذوالحجہ 1517ھ ہفتہ	17 محرم 1518ھ منگل
2095ء	24 شعبان 1518ھ ہفتہ	26 رمضان 1518ھ منگل	24 شوال 1518ھ منگل	26 ذی القعدہ 1518ھ جمعہ	26 ذوالحجہ☆ 1518ھ اتوار	27 محرم 1519ھ بدھ
2096ء	5 رمضان 1519ھ اتوار	6 شوال 1519ھ بدھ	6 ذی القعدہ 1519ھ جمعرات	7 ذوالحجہ 1519ھ اتوار	8 محرم 1520ھ منگل	9 صفر 1520ھ جمعہ
2097ء	17 رمضان 1520ھ منگل	18 شوال 1520ھ جمعہ	17 ذی القعدہ 1520ھ جمعہ	18 ذوالحجہ 1520ھ پیر	19 محرم 1521ھ بدھ	20 صفر 1521ھ ہفتہ
2098ء	28 رمضان 1521ھ بدھ	29 شوال 1521ھ ہفتہ	28 ذی القعدہ 1521ھ ہفتہ	29 ذوالحجہ☆ 1521ھ منگل	29 محرم 1522ھ جمعرات	یکم ربیع الاول 1522ھ اتوار
2099ء	8 شوال 1522ھ جمعرات	10 ذی القعدہ 1522ھ اتوار	8 ذوالحجہ 1522ھ اتوار	10 محرم 1523ھ بدھ	10 صفر 1523ھ جمعہ	12 ربیع الاول 1523ھ پیر
2100ء	19 شوال 1523ھ جمعہ	21 ذی القعدہ 1523ھ پیر	19 ذوالحجہ 1523ھ پیر	21 محرم 1524ھ جمعرات	21 صفر 1524ھ ہفتہ	23 ربیع الاول 1524ھ منگل

تعداد ایام: محرم(30) صفر(29) ربیع الاول(30) ربیع الثانی(29) جمادی الاولیٰ(30) جمادی الثانیہ(29)

عیسوی	یکم جولائی	یکم اگست	یکم ستمبر	یکم اکتوبر	یکم نومبر	یکم دسمبر
2086ء	19 ذی القعدہ 1509ھ پیر	20 ذوالحجہ 1509ھ جمعرات	22 محرم 1510ھ اتوار	22 صفر 1510ھ منگل	24 ربیع الاول 1510ھ جمعہ	24 ربیع الثانی 1510ھ اتوار
2087ء	30 ذی القعدہ 1510ھ منگل	یکم محرم 1511ھ جمعہ	2 صفر 1511ھ پیر	3 ربیع الاول 1511ھ بدھ	4 ربیع الثانی 1511ھ ہفتہ	5 جمادی الاولیٰ 1511ھ پیر
2088ء	11 ذوالحجہ 1511ھ جمعرات	13 محرم 1512ھ اتوار	14 صفر 1512ھ بدھ	15 ربیع الاول 1512ھ جمعہ	16 ربیع الثانی 1512ھ پیر	17 جمادی الاولیٰ 1512ھ بدھ
2089ء	22 ذوالحجہ 1512ھ جمعہ	24 محرم 1513ھ پیر	25 صفر 1513ھ جمعرات	26 ربیع الاول 1513ھ ہفتہ	27 ربیع الثانی 1513ھ منگل	28 جمادی الاولیٰ 1513ھ جمعرات
2090ء	3 محرم 1514ھ ہفتہ	4 صفر 1514ھ منگل	6 ربیع الاول 1514ھ جمعہ	6 ربیع الثانی 1514ھ اتوار	8 جمادی الاولیٰ 1514ھ بدھ	8 جمادی الثانیہ 1514ھ جمعہ
2091ء	14 محرم 1515ھ اتوار	15 صفر 1515ھ بدھ	17 ربیع الاول 1515ھ ہفتہ	17 ربیع الثانی 1515ھ پیر	19 جمادی الاولیٰ 1515ھ جمعرات	19 جمادی الثانیہ 1515ھ ہفتہ
2092ء	26 محرم 1516ھ منگل	27 صفر 1516ھ جمعہ	29 ربیع الاول 1516ھ پیر	29 ربیع الثانی 1516ھ بدھ	یکم جمادی الثانیہ 1516ھ ہفتہ	2 رجب 1516ھ پیر
2093ء	6 صفر 1517ھ بدھ	8 ربیع الاول 1517ھ ہفتہ	9 ربیع الثانی 1517ھ منگل	10 جمادی الاولیٰ 1517ھ جمعرات	11 جمادی الثانیہ 1517ھ اتوار	12 رجب 1517ھ منگل
2094ء	17 صفر 1518ھ جمعرات	19 ربیع الاول 1518ھ اتوار	20 ربیع الثانی 1518ھ بدھ	21 جمادی الاولیٰ 1518ھ جمعہ	22 جمادی الثانیہ 1518ھ پیر	23 رجب 1518ھ بدھ
2095ء	27 صفر 1519ھ جمعہ	29 ربیع الاول 1519ھ پیر	یکم جمادی الاولیٰ 1519ھ جمعرات	یکم جمادی الثانیہ 1519ھ ہفتہ	3 رجب 1519ھ منگل	3 شعبان 1519ھ جمعرات
2096ء	10 ربیع الاول 1520ھ اتوار	11 ربیع الثانی 1520ھ بدھ	13 جمادی الاولیٰ 1520ھ ہفتہ	13 جمادی الثانیہ 1520ھ پیر	15 رجب 1520ھ جمعرات	15 شعبان 1520ھ ہفتہ
2097ء	21 ربیع الاول 1521ھ پیر	22 ربیع الثانی 1521ھ جمعرات	24 جمادی الاولیٰ 1521ھ اتوار	24 جمادی الثانیہ 1521ھ منگل	26 رجب 1521ھ جمعہ	26 شعبان 1521ھ اتوار
2098ء	یکم ربیع الثانی 1522ھ منگل	3 جمادی الاولیٰ 1522ھ جمعہ	4 جمادی الثانیہ 1522ھ پیر	5 رجب 1522ھ بدھ	6 شعبان 1522ھ ہفتہ	7 رمضان 1522ھ پیر
2099ء	12 ربیع الثانی 1523ھ بدھ	14 جمادی الاولیٰ 1523ھ ہفتہ	15 جمادی الثانیہ 1523ھ منگل	16 رجب 1523ھ جمعرات	17 شعبان 1523ھ اتوار	18 رمضان 1523ھ منگل
2100ء	23 ربیع الثانی 1524ھ جمعرات	25 جمادی الاولیٰ 1524ھ اتوار	26 جمادی الثانیہ 1524ھ بدھ	27 رجب 1524ھ جمعہ	28 شعبان 1524ھ پیر	29 رمضان 1524ھ بدھ

تعداد ایام: رجب (30) شعبان (29) رمضان (30) شوال (29) ذی القعدہ (30) ذوالحجہ (29) ذوالحجہ☆30

قمری مہینوں کے رصدگاہی کوائف

رویتِ ہلال کی تاریخوں کا تعین

اسلامی قمری تقویم کی بنیاد زمین کے گرد چاند کی ماہانہ گردش پر ہے اور عملاً ہر قمری مہینے کا آغاز رویت ہلال سے ہوتا ہے۔ رویت ہلال کی پیشین گوئی کرنے کے لئے متعدد فلکیاتی کیفیات کی معلومات درکار ہوتی ہیں اور ماہرین ان کا محتاط تجزیہ کر کے کسی نتیجے پر پہنچتے ہیں۔ ان کیفیات میں کسی مقام پر شام کے وقت چاند کی عمر' زمین سے چاند اور سورج کا زاویائی فاصلہ' چاند کا (درجوں میں) ارتفاع اور غروب شمس وقمر میں وقفہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان سب کا پیشہ ورانہ تجزیہ علوم فلکیات سے غیر متعلق افراد کے لئے ممکن نہیں البتہ ان میں اول الذکر اور موخر الذکر دو ایسی کیفیات ہیں جنہیں عام آدمی ذرا توجہ دے کر بخوبی سمجھ سکتے ہیں' اگرچہ ان کے لئے بھی رصدگاہوں کے مہیا کردہ اوقات کی ضرورت ہوتی ہے۔

اوقاتِ غروبِ شمس وقمر سے رویت ہلال معلوم کرنے کا معیار

عام طور پر نیا چاند اس وقت دکھائی دیتا ہے جب یہ غروب شمس کے بعد تقریباً پچاس منٹ یا اس سے زائد عرصہ مطلع میں موجود رہے۔ اس سے کم وقفہ ہونے پر اس کے نظر آنے کا امکان نہیں ہوتا' البتہ اگر دیگر کیفیات اپنے اپنے معیار سے کافی بلند ہوں تو مطلع غیر معمولی طور پر صاف ہونے کی صورت میں رویت اس سے چند منٹ کم پر بھی ممکن ہوسکتی ہے' مگر ایسا کبھی کبھار ہی ہوتا ہے۔ دنیا کے محض چند بڑے بڑے شہروں کے اوقات غروب شمس وقمر کے اندراج کے لئے بھی بے شمار ضخیم دفاتر درکار ہیں' لہٰذا اس باب کے محدود صفحات میں مؤخر الذکر

کیفیت یعنی چاند کی عمر کے بیان پر اکتفا کیا گیا ہے جسے معلوم کرنے کا ماخذ نئے چاند کی پیدائش کا وقت ہے جو مہینے میں ایک ہی وقت وقوع پذیر ہوتا ہے۔ رصد گاہی ماہرین سے گزشتہ یا آئندہ طویل عرصے تک کے لئے چاند کی پیدائش کے ماہانہ اوقات دستیاب ہو سکتے ہیں۔ یہ اوقات تمام کرہ ارض کے لئے ایک ہی ہوتے ہیں اور انہیں ہر علاقے کے معیاری وقت میں نہایت آسانی کے ساتھ تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح سینکڑوں سالوں کے اوقات محدود صفحات میں سموئے جا سکتے ہیں۔

چاند کی عمر سے رویت ہلال معلوم کرنے کے نکات

جب سورج اور چاند کا کسی نقطہ فلک پر اجتماع ہوتا ہے اس وقت کو اماوس یا قرانِ شمس وقمر کہتے ہیں۔ علومِ فلکیات میں یہی نیا چاند کہلاتا ہے اور اصطلاحاً کہا جاتا ہے کہ اس وقت نئے چاند کی پیدائش ہوئی۔ چاند کی طبعی عمر اسی وقت سے شروع کی جاتی ہے مگر رویت ہلال اس سے کم از کم ایک روز گزر جانے کے بعد آنے والی شام ہی کو ممکن ہو سکتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ قرانِ شمس وقمر کے وقت چاند سورج سے شمالاً جنوباً تقریباً ایک سیدھ میں ہوتا ہے اور اس پر لگاتار پڑتی رہنے والی سورج کی روشنی، جو منعکس ہو کر ہمیں اس کے وجود کا احساس دلاتی ہے، زمین سے عین مخالف سمت میں ہوتی ہے۔ جوں جوں چاند فلکی نظام کے تحت سورج سے پیچھے ہٹتا جاتا ہے اس کی روشن سطح کا رخ اس کی ماہانہ گردش کے باعث زمین کی سمت منتقل ہوتا جاتا ہے اور ایک خاص وقت گزر جانے کے بعد وہ سورج سے ایک مخصوص فاصلے پر ہٹ کر ہمیں شام کے وقت ہلال کی صورت میں دکھائی دیتا ہے۔ ماہرین فلکیات نے طویل مشاہدات اور محتاط اندازوں کے بعد چاند کی عمر کے اعتبار سے رویت ہلال کے مندرجہ ذیل نکات وضع کئے ہیں:

1- **بیس گھنٹوں سے کم عمر کا چاند دکھائی نہیں دیتا۔**

2- **بیس سے تیس گھنٹوں کی عمر کا چاند کبھی دکھائی دے جاتا ہے**، کبھی نہیں۔ اس کا انحصار متعدد فلکیاتی کیفیات پر ہوتا ہے۔

3- تیس گھنٹوں سے زائد عمر کا چاند مطلع صاف ہونے کی صورت میں چند مستثنیات کو چھوڑ کو عموماً نظر آ جاتا ہے۔

واضح رہے کہ چاند کی عمر قرانِ شمس وقمر یعنی نئے چاند کی پیدائش کے وقت سے شروع ہوتی ہے مگر رویت ہلال اس روز قطعاً ممکن نہیں ہوتی۔

اہم: واضح ہو کہ نکتہ 2 کے مطابق بیس اور تیس گھنٹوں کے درمیان عمر کا چاند دکھائی دینے میں دوسرے عوامل بھی کارفرما ہوتے ہیں۔ اگر وہ رویت ہلال کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو چاند نظر آ سکتا ہے' البتہ اس کی جسامت باریک قوس کی صورت میں دکھائی دے گی۔ رویت نہ ہونے کی صورت میں جب یہ اگلی شام کو دکھائی دے گا تو قدرتی طور پر اس کی عمر مزید چوبیس گھنٹے بڑھ چکی ہوگی یعنی تقریباً دوگنا ہوگی۔ لہٰذا دیکھنے والوں کو یہ بڑا نظر آئے گا۔ مزید برآں چاند روزانہ معمول کے مطابق تقریباً ایک گھنٹہ تاخیر سے غروب ہوگا' یعنی پہلی شام اگر چاند مثال کے طور پر چالیس منٹ بعد غروب ہونے کے باعث دکھائی دئے جانے سے کم معیار ہونے کی وجہ سے نظر نہ آ سکا تو دوسری شام یہ تقریباً 100 منٹ بعد غروب ہوگا۔ دوسرے الفاظ میں یہ کافی دیر تک مطلع پر موجود رہے گا۔ ایسی کیفیت میں یہ دعویٰ کرنا کہ یہ دوسری رات کا چاند ہے' قطعاً درست نہیں۔ رویت ہلال کے فلکیاتی اور فقہی اصولوں کے مطابق یہ پہلی رات ہی کا چاند ہوگا۔

اس کے علاوہ یہ دعویٰ کرنا بھی درست نہیں کہ یکے بعد دیگرے انتیس انتیس دنوں کے دو قمری مہینوں کے بعد تیسرا بھی انتیس کا یا یہ کہ تیس تیس دنوں کے دو قمری مہینوں کے بعد تیسرا بھی تیس کا نہیں ہوسکتا۔ ماہرین فلکیات کے مطابق استثنائی کیفیتوں میں اوّل الذکر صورت میں تین مسلسل ماہ اور مؤخر الذکر صورت میں چار ماہ یکساں دنوں کے ممکن ہو سکتے ہیں' البتہ گزرے ہوئے واقعات کے ضمن میں دنوں کے ساتھ تاریخوں کی تطبیق کرتے ہوئے فلکیاتی اعداد و شمار کو مدنظر رکھے بغیر محض قیاسات کے سہارے انہیں اصول نہیں بنایا جا سکتا۔

رویت ہلال دریافت کرنے کی مثالیں

درج بالا سادہ سے تین بنیادی نکات کو سمجھتے ہوئے ایک عام قاری بھی قرانِ شمس وقمر کے

اوقات کی مدد سے رویت ہلال کی تاریخوں کا عموماً درست اندازہ کرسکتا ہے۔ پندرہویں صدی ہجری کے قمری مہینوں کی قابل اعتماد تاریخیں معلوم کرنے کے لئے راقم نے برطانیہ میں عالمی رصدگاہ گرینچ سے رجوع کیا اور وہاں سے اس پورے عرصے کے ہر مہینے کے لئے چاند کی پیدائش کے اوقات حاصل کئے۔ان اوقات کو پاکستان کے معیاری وقت (جو گرینچ کے معیاری وقت سے پانچ گھنٹے آگے ہے) میں منتقل کیا گیا۔ یہ اوقات رصدگاہ مذکور کی سائنس اینڈ انجینئرنگ ریسرچ کونسل کے ناٹیکل المانک آفس (Nautical Almanac Office) کی اجازت سے قارئین کی خدمت میں پیش کئے جاتے ہیں۔2100عیسوی تک کے باقی سالوں کے اوقات کو انٹرنیٹ ذرائع سے حاصل کیا گیا ہے۔ان کی مدد سے ماہرین فلکیات کے مندرجہ بالا مشاہدات کی روشنی میں بخوبی استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ یہ اوقات ایک دن کے چوبیس گھنٹوں کو ظاہر کرتے ہیں اور نصف شب یعنی رات کے بارہ بجے سے' جسے صفر گھنٹے صفر منٹ (یعنی 0:00) لکھا جاتا ہے' شروع ہوکر 23 گھنٹے 59 منٹ (23:59) پر ختم ہوجاتے ہیں۔ واضح ہو کہ ان اوقات میں بائیں جانب کے اعداد گھنٹے اور دائیں جانب کے اعداد منٹ ظاہر کرتے ہیں۔

اگلے صفحات میں ہر ہجری سال کے تحت (مہینوں کا ذکر کئے بغیر) محرم تا ذوالحجہ ترتیب وار بارہ قمری مہینوں کے نئے چاند کی پیدائش کے اوقات عیسوی تاریخوں کے ساتھ درج ہیں۔ جس قمری مہینے کی معلومات درکار ہوں متعلقہ سنہ ہجری کے تحت ماہ اول (محرم) سے ماہ آخر (ذوالحجہ) تک ترتیب کے ساتھ قمری مہینے شمار کرنے سے مذکورہ ماہ کی نشاندہی خود بخود ہوجائے گی۔

جس ماہ کی رویت ہلال درکار ہو اس سے متعلق نئے چاند کی پیدائش کی تاریخ اور وقت سے اگلے روز شام تک کا فاصلہ گھنٹوں میں دریافت کیجئے اور مندرجہ بالا معیار سے رویت ہلال کی شام کا تعین کیجئے۔

مثال 1: ہمیں معلوم کرنا ہے کہ ماہ جمادی الاولیٰ 1407ھ کی رویت ہلال کب ہوئی۔ آئندہ صفحات کی جدولوں میں 1407ھ کے تحت درج پہلے کوائف محرم' دوسرے صفر'

تیسرے ربیع الاول، چوتھے ربیع الثانی اور پانچویں جمادی الاولیٰ سے متعلق ہیں۔ معلوم ہوا کہ جمادی الاولیٰ کے نئے چاند کی پیدائش 31 دسمبر 1986ء کو صبح 8 بج کر 10 منٹ پر ہوئی۔ اس وقت سے اگلے روز شام کے وقت اس کی عمر 30 گھنٹے سے تجاوز کر چکی تھی۔ لہٰذا ماہرین فلکیات کے مشاہدوں کے مطابق یکم جنوری 1987ء کو چاند کا نظر آنا ممکن تھا۔ پس یہ ماہ جمادی الاولیٰ 1407ھ کی رویت ہلال کی ممکن تاریخ قرار پائی۔

مثال 2: ہمیں معلوم کرنا ہے کہ ماہ ذی القعدہ 1494ھ کا آغاز کس تاریخ کو ہوگا۔ آئندہ صفحات کی جدولوں میں 1494ھ کے تحت درج آخری ماہ ذوالحجہ سے قبل ذی القعدہ کے کوائف درج ہیں۔ جن سے معلوم ہوا کہ 21 نومبر 2071ء کو رات 11 بج کر 59 منٹ پر نئے چاند کی پیدائش ہوگی۔ اس سے اگلے روز 22 نومبر کی شام کو اس کی عمر 18 گھنٹے سے بھی کم ہوگی۔ لہٰذا چاند نظر نہ آ سکے گا۔ رویت ہلال اس سے بھی اگلی شام یعنی 23 نومبر ہی کو ممکن ہوگی۔ پس 24 نومبر 2071ء کو ذی القعدہ 1494ھ کی پہلی تاریخ ہوگی۔ دورانِ ماہ کی تاریخیں اس کے آگے شمار کی جاسکتی ہیں۔

نئے چاند کی پیدائش کے اوقات

(پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق)

1401ھ(1980ء)	1402ھ(1981ء)	1403ھ(1982ء)	1404ھ(1983ء)
8 نومبر 1:42	28 اکتوبر 1:13	17 اکتوبر 5:04	6 اکتوبر 16:16
7 دسمبر 19:35	26 نومبر 19:38	15 نومبر 20:10	5 نومبر 3:21
1981ء	26 دسمبر 15:10	15 دسمبر 14:18	4 دسمبر 17:26
6 جنوری 12:24	1982ء	1983ء	1984ء
5 فروری 3:14	25 جنوری 9:56	14 جنوری 10:08	3 جنوری 10:16
6 مارچ 15:31	24 فروری 2:13	13 فروری 5:32	2 فروری 4:46
5 اپریل 1:19	25 مارچ 15:17	14 مارچ 22:43	2 مارچ 23:31
4 مئی 9:19	24 اپریل 1:29	13 اپریل 12:58	یکم اپریل 17:10
2 جون 16:32	23 مئی 9:40	13 مئی 0:25	یکم مئی 8:45
2 جولائی 0:03	21 جون 16:52	11 جون 9:37	30 مئی 21:48
31 جولائی 8:52	20 جولائی 23:57	10 جولائی 17:18	29 جون 8:18
29 اگست 19:43	19 اگست 7:45	9 اگست 0:18	28 جولائی 16:51
28 ستمبر 9:07	17 ستمبر 17:09	7 ستمبر 7:35	27 اگست 0:26

1405ھ(1984ء)	1406ھ(1985ء)	1407ھ(1986ء)	1408ھ(1987ء)
25 ستمبر 8:11	15 ستمبر 0:20	4 ستمبر 12:10	24 اگست 16:59
24 اکتوبر 17:08	14 اکتوبر 9:33	3 اکتوبر 23:55	23 ستمبر 8:08
23 نومبر 3:57	12 نومبر 19:20	2 نومبر 11:02	22 اکتوبر 22:28
22 دسمبر 16:47	12 دسمبر 5:54	یکم دسمبر 21:43	21 نومبر 11:33
1985ء	1986ء	31 دسمبر 8:10	20 دسمبر 23:25
21 جنوری 7:28	10 جنوری 17:22	1987ء	1988ء
19 فروری 23:43	9 فروری 5:55	29 جنوری 18:44	19 جنوری 10:26
21 مارچ 16:59	10 مارچ 19:52	28 فروری 5:51	17 فروری 20:54
20 اپریل 10:22	9 اپریل 11:08	29 مارچ 17:46	18 مارچ 7:02
20 مئی 2:41	9 مئی 3:10	28 اپریل 6:34	16 اپریل 17:00
18 جون 16:38	7 جون 19:00	27 مئی 20:13	16 مئی 3:11
18 جولائی 4:56	7 جولائی 9:55	26 جون 10:37	14 جون 14:14
16 اگست 15:06	5 اگست 23:36	26 جولائی 1:37	14 جولائی 2:53

تقویم عہد نبوی

قمری مہینوں کی تقویم کے دو مختلف نظام

مکی اور مدنی کیلنڈر

متعدد مؤرخ عہد نبوی کے بعض مشہور واقعات کے دن اور تاریخیں ایک دوسرے سے مختلف بیان کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت اور آپؐ کے وصال کی تاریخوں پر بھی متفق نہیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ تو یہی کہی جا سکتی ہے کہ اس زمانے میں سالوں کے تعین اور تاریخوں کے اندراج کا کوئی قابل اعتماد طریقہ رائج نہ تھا یا واقعات کی تاریخیں محفوظ کرنے پر خاص توجہ نہیں دی جاتی تھی البتہ اس کا ایک سبب یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ عرب مشرکین چار حرمت والے مہینوں (ذی القعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب) میں سے کسی ایک یا زائد مہینوں کو جنگی چالوں کے تحت دوسرے عام مہینوں سے ادل بدل کر لیتے تھے اور ممکن ہے کہ بعض تاریخیں اس طرح پر تبدیل کردہ مہینوں کے مطابق بیان ہوئی ہوں۔

دنوں اور مہینوں کے علاوہ مؤرخین کی بیان کردہ تقابلی عیسوی تاریخوں میں سالوں تک کا اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس کی ایک اہم وجہ اس دور میں قمری مہینوں کے دو مختلف نظاموں کی موجودگی بتائی جاتی ہے۔ ان میں سے ایک کیلنڈر تو خالص قمری تھا جس کا ہر سال بارہ مہینوں کا ہوتا تھا جب کہ دوسرا کیلنڈر، جسے اصطلاحاً قمریہ شمسی (Luni-Solar) کہا جاتا ہے، قمری اور شمسی دونوں اعتبار سے ترتیب پاتا تھا۔ مؤخر الذکر میں بنیادی طور پر مہینے تو قمری ہی استعمال ہوتے تھے مگر اسے شمسی یا موسمی سال کے مطابق کرنے کے لئے خاص خاص سالوں میں تیرھویں مہینے کا اضافہ کر دیا جاتا تھا جسے لوند کا مہینہ یا کبیسہ کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ عہد نبوی

کے واقعات کے بیان میں بعض مؤرخین نے خالص قمری تقویم کو بنیاد بنایا جب کہ دوسروں نے قمریہ شمسی تقویم کے مطابق تاریخیں بیان کیں۔

حضورِ اکرمؐ کے ماہِ وصال پر عموماً اتفاقِ رائے پایا جاتا ہے۔ آپ کی عمر مبارک کے 63 سال ہونے پر بھی اتفاق ہے' مگر اختلاف اس بات پر ہے کہ یہ مدت قمری تقویم کے مطابق تھی یا شمسی تقویم کے مطابق۔ اول الذکر رائے کے حامل مؤرخ ماہِ میلاد ربیع الاول کا تعین اپریل 571ء کے مطابق کرتے ہیں جبکہ مؤخر الذکر اس کی تطبیق جون 569ء یا اس سے کسی قریبی مہینے کے ساتھ کرتے ہیں۔ قدیم مؤرخین کی بیان کردہ تاریخوں میں غیر شعوری طور پر متعلقہ تقویم کا خصوصیت کے ساتھ ذکر نہ کرنا بعد کے مؤرخین کے لئے اختلاف کی بنیاد بنا۔ زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ اختلاف اس قدر بڑھا کہ آج محققین کے لئے اس عہد کے درست زمانہ کا تعین کرنا انتہائی دشوار ہو گیا ہے۔

عام روایات کے مطابق خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضورِ اکرمؐ نے نظامِ کبیسہ کو آئندہ کے لئے منسوخ کرنے کا اعلان فرمایا۔ کہا جاتا ہے کہ مروّجہ نظام کے تحت اس سے اگلے مہینے اضافی ماہ کا اطلاق ہونا تھا جو حضورؐ کے حکم کے تحت واقع نہ ہوا لہٰذا آئندہ کے لئے اسلامی تقویم کے خالص قمری نظام کی ابتدا ہوئی۔ قمریہ شمسی تقویم کو ''مکی کیلنڈر'' کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ مکہ میں حج کی رسومات اسی نظامِ کبیسہ کے مطابق ادا کی جاتی تھیں جب کہ اس دور کی بارہ مہینوں کے سال کی خالص قمری تقویم کو ''مدنی کیلنڈر'' بھی کہتے ہیں۔

کبیسہ کی مختلف صورتیں

سنہ 10 ہجری سے قبل کون کون سے سال کبیسہ ہوئے' اس کے متعلق وثوق کے ساتھ کچھ کہنا بہت مشکل ہے۔ اس نظام کی جزئیات بہرحال تحقیق طلب ہیں اور یہ کام اس قدر آسان نہیں جس قدر کہ بعض لوگ خیال کرتے ہیں۔ بڑے نامور محقق بھی اس بارے میں وسیع اختلاف رکھتے ہیں لہٰذا کسی کی توضیحات کو یک دم حتمی کہنا ممکن نہیں۔ بعضوں کا خیال ہے کہ

کبیسہ کے سلسلہ میں کوئی خاص ضوابط مقرر نہ تھے۔ جب وہ لوگ سمجھتے تھے کہ قمری سال میں موسمی سال سے ایک ماہ کا فرق پڑ گیا ہے تو وہ یہ تبدیلی کر لیتے تھے اور اس کا فیصلہ مکہ میں حج کے موقع پر چند ذمہ دار بزرگ کیا کرتے تھے۔ یوں کبھی دوسرے سال اور کبھی تیسرے سال بعد یہ اضافہ ہو جاتا تھا۔ اکثریت کی رائے یہ ہے کہ ایک مخصوص مدت میں ایک متعین حساب سے مہینے بڑھائے جاتے تھے۔ ابن اسحاق' ابن حبیب' مسعودی' ابوالفداء' البیرونی' مقریزی' محمد الجرکسی اور حاجی خلیفہ وغیرہ اس کی مختلف صورتیں بیان کرتے ہیں۔ ان میں سے صرف شمسی سال سے قریب ترین مدت کی حامل صورتوں کا تجزیہ کیا جائے تو کیفیت یوں بنتی ہے:

صورت اضافہ	سالانہ اوسط مدت
ہر تین قمری سالوں میں ایک ماہ	364 دن 5 گھنٹے 3 منٹ (تقریباً)
30 قمری سالوں میں 11 ماہ	365 دن 4 گھنٹے 41 منٹ (تقریباً)
24 قمری سالوں میں 9 ماہ	365 دن 10 گھنٹے 35 منٹ (تقریباً)
19 قمری سالوں میں 7 ماہ	365 دن 5 گھنٹے 55 منٹ (تقریباً)

ایک شمسی سال کی صحیح مدت 365 دن 5 گھنٹے 48 منٹ 46 سیکنڈ ہوتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ چاروں صورتوں میں مؤخر الذکر یعنی 19 قمری سالوں میں 7 ماہ کا اضافہ شمسی سال سے قریب ترین مدت ہے۔ یہودیوں کے ہاں تقویم کا یہی نظام رائج ہے۔ اگر ہم عہد نبویؐ کی ابتدائی تاریخ پر نظر ڈالیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہودی اس دور کے معاشرہ میں بہت ذی اثر تھے لہٰذا خیال کیا جا سکتا ہے کہ اگر ان دنوں میں کوئی قمریہ شمسی تقویم عملاً موجود تھی تو اغلباً یہی تقویم ہوگی۔

حرمت کے مہینے اور ماہِ کبیسہ کا مقام

اس دور میں عربوں کے ہاں نظامِ کبیسہ مندرجہ بالا صورتوں میں سے کسی بھی صورت کے مطابق جاری رہا ہو' صرف اس نظام کی تفصیلات طے کرتے ہوئے متعدد سوالات جنم لیتے ہیں۔ کیا ماہِ کبیسہ کو کسی الگ نام سے پکارا جاتا تھا؟ جب اس دور کے واقعات کے بیان میں

ہمیں ایک مقام پر بھی بارہ مہینوں کے علاوہ کسی تیرھویں مہینے کا نام نہیں ملتا تو شک ہوتا ہے کہ کیا ان دنوں ایسا نظام واقعی رائج تھا؟ اس پر یہ فرض کر لیا جاتا ہے کہ اگر کبیسہ کے مہینوں کو کوئی الگ نام دیا بھی گیا تھا تو اتفاق سے ان مہینوں میں کوئی قابل ذکر واقعہ پیش ہی نہیں آیا۔ بعض محقق بیان کرتے ہیں کہ ماہِ کبیسہ اور اس سے اگلے ماہ دونوں کو محرم بولا جاتا تھا۔ یہاں پر یہ سوال اٹھتا ہے کہ اگر کوئی واقعہ ایسے محرم میں بیان کیا گیا ہے جس کے ساتھ دوسرا محرم بھی منسلک تھا تو صحیح تطابق کیسے کیا جائے؟ ذی القعدہ، ذوالحجہ اور محرم کے تین مسلسل مہینے حرمت والے قرار دیئے جانے کے پس منظر میں یہ مصلحت بتائی جاتی ہے کہ اس زمانہ کے ذرائع آمدورفت کے مطابق حج کے قافلے ذی القعدہ میں چل پڑتے تھے اور حج کے بعد کچھ قیام وغیرہ کر کے وہ محرم کے مہینے میں اپنے گھروں کو پہنچتے۔ اس طرح ان مہینوں میں لڑائی کے امتناع کے سبب ان کے لئے دونوں اطراف کا سفر امن کی حالت میں گزرتا۔ یہ سوال حل طلب ہے کہ محرم کے دو مہینے یکے بعد دیگرے شمار کئے جانے کی صورت میں کون سا مہینہ حرمت والا شمار ہوتا تھا؟ اگر ذوالحجہ کے فوراً بعد آنے والا مہینہ اس زمرے میں نہیں آتا تھا یا ماہِ کبیسہ ذوالحجہ کے بعد محرم کی بجائے کسی اور نام سے پکارا جاتا تھا تو کیا امن کی مذکورہ کیفیت ختم ہو جاتی تھی؟ پھر یہ سوال بھی ذہن میں ابھرتا ہے کہ کیا ماہِ کبیسہ ہمیشہ ذوالحجہ کے فوراً بعد آنے والا مہینہ ہوتا تھا؟ ایک خیال کے مطابق یہ مہینہ محرم اور صفر کے درمیان بڑھایا جاتا تھا۔ اگر اس خیال کو درست مانا جائے تو حرمت والے تین مسلسل مہینے اپنی جگہ پر قائم رہتے ہیں۔

کون سی تقویم عبادات سے متعلق تھی؟

اسلام میں بعض مہینوں کا تعین بعض مخصوص عبادات و فرائض سے بھی متعلق ہے۔ یہاں یہ سوال بھی بڑی اہمیت کا حامل ہے کہ قمری مہینوں سے منسوب دینی فرائض کس تقویم کے مطابق ادا کئے جاتے تھے؟ بعض محقق عہد نبوی کے آخری دور کے بعض واقعات کے ضمن میں بیان کردہ قمری مہینوں اور روایات میں مذکور موسموں کی تطبیق کرتے ہوئے خالص قمری تقویم اور قمریہ شمسی تقویم کے مہینوں کا ایک دوسرے سے کافی فرق ظاہر کرتے ہیں جبکہ محققین کی

اکثریت خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضورِ اکرمؐ کے اس ارشاد سے کہ ''زمانہ گھوم پھر کر اسی شکل میں لوٹ آیا ہے جب اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا'' یہ مراد لیتی ہے کہ اس وقت دونوں تقویموں کے مہینے ایک دوسرے کے مطابق چل رہے تھے۔ اس سے وہ یہ نتیجہ بھی اخذ کرتے ہیں کہ اس سے قبل قمری مہینوں سے منسوب دینی فرائض قمریہ شمسی تقویم کے مطابق ادا کئے جاتے تھے جبھی تو حضورِ اکرمؐ نے اسے منسوخ کرنے کا حکم صادر فرمایا ورنہ اگر دینی عبادات کی ادائیگی اس کیلنڈر کے تحت نہیں ہوتی تھی تو اسے خاص طور پر ختم کرنے کے باقاعدہ اعلان کی کیا ضرورت تھی؟ پھر حضورؐ کے آخری حج (اگر حج کی ادائیگی مبینہ طور پر نظامِ کبیسہ کے ذوالحجہ میں ہوتی تھی) اور آپؐ کے وصال (جو بالاتفاق خالص قمری تقویم کے مطابق ربیع الاول میں بیان کیا جاتا ہے) میں واقعی تین ماہ کا فرق ہے تو ضروری ہے کہ سنہ 10 ہجری میں دونوں تقویموں کے مہینے ساتھ ساتھ چل رہے ہوں۔ مزید برآں اگر بعض مؤرخین کے اس بیان کو درست تصور کیا جائے کہ عربوں نے کبیسہ کا یہ طریقہ یہودیوں کی تقلید میں پانچویں صدی عیسوی کے شروع سالوں میں اپنایا تو اس لحاظ سے بھی اس عرصہ کے دوران بارہ 19 سالہ دور مکمل ہو کر مہینوں کو گھوم پھرا کر اسی زمانے میں لے آتے ہیں جو اس کے ابتدائی دور میں تھے۔

اس نظریہ سے اختلاف رکھنے والے محقق بیان کرتے ہیں کہ عہد نبوی میں قمری مہینوں سے منسوب دینی فرائض قمری تقویم ہی کے مطابق ادا کئے جاتے تھے۔ وہ اپنی رائے کے حق میں قرآن مجید کا یہ فرمان پیش کرتے ہیں کہ ''جب سے اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا کئے اس کے نزدیک مہینوں کی تعداد بارہ ہے''۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے احکامات اور اوقات کے تعین کے لئے بندوں کی ترتیب پانے والی کسی تقویم کا پابند نہیں ہو سکتا۔ اس نے عبادات کے لئے سورج اور چاند کی فلکیاتی کیفیات کو بنیاد بنایا ہے جو بندوں کی آرا یا احکامات کے تابع نہیں ہیں۔ نمازوں اور سحر و افطار کے اوقات کے لئے شرع کے مقرر کردہ معیار کے مطابق سورج کی کیفیات کو مدنظر رکھا جاتا ہے جب کہ مہینوں یا مخصوص تاریخوں سے منسوب دینی فرائض اور عبادات کی ادائیگی کے لئے چاند کی ماہانہ گردش کے تحت ترتیب پانے والے سال کی پیروی کی جاتی ہے جس کے مہینوں کی تعداد اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہمیشہ سے بارہ ہے۔

وہ عہد نبوی کے کسی بھی حصے میں فرمانِ الٰہی کے برعکس ترتیب پانے والی کسی تقویم کے مطابق اسلامی عبادات کی ادائیگی یا تہواروں کے انعقاد کو اس بنا پر تسلیم نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ اپنے مستقل احکام کو بندوں کے بنائے ہوئے قاعدوں کے مطابق تبدیل نہیں کرتا۔ وہ یہ سوال کرتے ہیں کہ اگر اس دور کے رمضان کے مہینوں کا غیر یکساں سالوں پر مبنی کسی تقویم کی بنیاد پر منعقد ہونا درست تسلیم کر لیا جائے تو (اگرچہ رمضان کے روزے سنہ 2 ہجری میں فرض ہوئے) کیا اللہ تعالیٰ نے ان مہینوں کی برکات اور لیلۃ القدر کے موقع پر فرشتوں کا نزول بھی واقعی اس کے مطابق تبدیل کر لیا تھا؟ ان کے نزدیک یہ مفروضہ نا قابل تسلیم ہے کہ ماہ رمضان کا انعقاد تو خالص قمری تقویم کے مطابق ہو اور حج قمریہ شمسی تقویم کے مطابق ادا کیا جاتا ہو کیونکہ اس طرح اگر ایک تقویم کا رمضان اور دوسری کا ذوالحجہ ایک ہی مہینے میں آ جاتے تو کیا کیفیت ہوتی؟ البتہ وہ اس امکان کو رد نہیں کرتے کہ قدیم مؤرخین نے عہد نبوی کے بعض واقعات کی تاریخیں اپنے اپنے علاقوں میں زیادہ مؤثر طور پر رائج تقویم کے تحت وہاں کے لوگوں میں مشہور روایات کے مطابق بیان کی ہوں۔ نظامِ کبیسہ کے اختتام کے بارے میں وہ یہ کہتے ہیں کہ جب اسلام عرب کے وسیع علاقوں میں پھیلا اور تمام مسلمانوں کا فرائض وعبادات کے معاملے میں خالص قمری تقویم سے براہِ راست اور مستقل رابطہ ہوا نیز بعد میں حکومتی سطح پر ہجری کیلنڈر کا باقاعدہ استعمال شروع ہوا تو قمریہ شمسی تقویم آہستہ آہستہ خود بخود ختم ہو گئی۔ مصری ماہر فلکیات محمود پاشا (محمود آفندی) کا تو خیال ہے کہ عربوں میں ہمیشہ خالص قمری تقویم ہی زیر استعمال رہی اور مہینوں کے بارے میں جس امتناع کا ذکر کیا جاتا ہے اس کا تعلق کبیسہ کے مہینوں سے نہیں بلکہ نسئی کے تحت حرمت والے مہینوں کو ادل بدل کئے جانے سے ہے۔

دنوں اور تاریخوں کی زبردستی تطبیق:

بعض محققین پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ وہ اکثر واقعات سے منسوب تاریخوں اور ہفتے کے ایام کی ایک دوسرے کے ساتھ زبردستی تطبیق کی کوشش کرتے ہیں اور مشہور تاریخوں کو درست ثابت کرنے کے لئے محض تخیل کے زور پر تین تین چار چار مہینوں کو کبھی مسلسل 29

دنوں کا اور کبھی مسلسل 30 دنوں کا شمار کرتے ہیں حالانکہ علوم فلکیات کی رو سے ایسی کیفیات عام طور پر نہیں بلکہ کبھی کبھار وقوع پذیر ہوتی ہیں جن کی نشان دہی ماہرین فلکیات سینکڑوں سال پہلے یا بعد میں کر سکتے ہیں اور جب ہمیں گزشتہ دور کے نئے چاند کی پیدائش کے اوقات مہیا ہو سکتے ہیں تو محض تطبیق کی خاطر تخیلاتی قیاسات تخلیق کرنے پر اصرار کیوں؟ ایسے مفروضوں میں تو بعض قیاسی افراد دو تین روز قبل ہی چاندرات قرار دے ڈالتے ہیں اور بھول جاتے ہیں کہ ایسا کرتے ہوئے اس سے اگلا مہینہ اکتیس یا بتیس بلکہ تینتیس دن کا شمار ہو رہا ہے۔

زبردستی تطبیق کی ایک مثال خطبہ حجۃ الوداع (9 ذوالحجہ 10ھ) سے منسوب مشہور یوم جمعہ اور حضورِ اکرمؐ کے وصال کی مشہور تاریخ (12 ربیع الاول 11ھ) سے منسوب یوم پیر بتائی جاتی ہے۔ اگر ان ایام کو درست سمجھ لیا جائے تو مذکورہ مہینوں کے اول یوم دونوں صورتوں میں جمعرات قرار پاتے ہیں۔ اس طرح تین قمری مہینوں کے دنوں کی تعداد 91 ہوئی جو ناممکن ہے کیونکہ اگر تینوں مہینوں کو تیس تیس دن کا فرض کر لیا جائے تو بھی زیادہ سے زیادہ 90 دن ہو سکتے ہیں۔ اس اعتراض پر کہا گیا کہ مدینہ میں ذوالحجہ کی رویت ہلال مکہ سے ایک روز بعد میں ہوئی اور یہ تین ماہ مسلسل تیس تیس دن کے ہوئے۔ اس طرح مکہ میں ادا ہونے والے حج کے مہینے ذوالحجہ اور مدینہ میں حضورؐ کے وصال کے مہینے ربیع الاول میں 91 روز کے فرق کا جواز قائم کیا گیا۔ اس صورت حال کا تجزیہ کیا جائے تو کیفیت یہ بنی کہ دونوں شہروں کی رویت ہلال میں مسلسل 4 ماہ تک کم از کم ایک ایک دن کا فرق رہا۔ فرض کیا جائے کہ اس دوران مکہ میں کوئی مہینہ 30 کی بجائے 29 دن کا ہوا تو یہ فرق ایک دن کی بجائے دو دن کا ہو گیا اور اگر دو مہینے 29 کے ہوئے تو تین دن کا فرق پڑ گیا۔ ماہرین فلکیات معمولی تفاوت ہی نہیں طویل سے طویل فاصلے کے دو شہروں کی رویت ہلال میں اس طرح کئی مہینوں تک ایک ایک دن کے مسلسل فرق کو تسلیم نہیں کرتے چہ جائیکہ یہ دو یا تین دن تک بڑھ جائے۔ ☆

☆ ممکن ہے کہ اس موقع پر قارئین کے ذہنوں میں پاکستان اور دیگر مسلم ممالک کا مشرقِ وسطیٰ کے بعض ممالک میں اعلان کردہ رویت ہلال سے ہر مہینے ایک یا دو دن کے لازمی فرق کا نقشہ ابھرے اور وہ خیال کریں کہ شاید مذکورہ بالا اصول درست نہیں۔ یہ موضوع واقعاتی اور تحقیقی بحث کا متقاضی ہے مگر زیرِ نظر کتاب کے مقصد سے خارج ہے۔ راقم نے اپنے رسالہ ''رویت ہلال موجودہ دور میں'' میں ماہرین فلکیات کی مصدقہ آرا کی روشنی میں اس موضوع پر مدلل بحث کی ہے۔

بعض مشہور دنوں میں غلطیوں کا امکان:

یہ خیال بھی ظاہر کیا جاتا ہے کہ بعض واقعات سے منسوب تاریخیں اور دن تمام مؤرخین کے ہاں یکساں بیان کئے جانے کے باوجود ضروری نہیں کہ وہ واقعی درست ہوں۔ حقیقتاً بعض تاریخیں اور دن کسی نہ کسی وجہ سے غلط بھی مشہور ہو جاتے ہیں۔ اس بارے میں یومِ آزادیٔ پاکستان کی مثال پیش کی جاتی ہے۔ ابھی اس واقعہ کو زیادہ عرصہ نہیں گزرا۔ تقسیم ہند کے وقت رونما ہونے والے واقعات کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے' ان سے براہِ راست متاثر ہونے اور تاریخوں کا شعور رکھنے والے لاکھوں افراد زندہ ہیں مگر ان کی ایک قابل ذکر تعداد بوجوہ 14 اگست 1947ء کو جمعۃ الوداع قرار دیتی ہے حالانکہ اس سال کا کیلنڈر اٹھا کر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس تاریخ کو جمعرات کا روز تھا۔ جمعۃ المبارک 15 اگست 1947ء کو تھا۔ یہ کیوں ہوا اور کیسے ہوا' یہاں اس غلطی کی ترویج کے پس منظر سے کوئی بحث نہیں۔ کہنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ اگر موجودہ دور کی عیسوی تقویم میں بین الاقوامی یکسانیت' ذرائع ابلاغ کی وسعت اور سرکاری و غیر سرکاری کاغذات میں درست ریکارڈ کی موجودگی کے باوجود خصوصی اہمیت کے حامل کسی واقعہ کے ضمن میں تعلیم یافتہ اور باشعور افراد میں' جو اس واقعہ کے کردار بھی رہے ہوں' غلط تاریخیں یا دن مشہور ہو سکتے ہیں تو وہ زمانہ' جب ریکارڈ رکھنے کا کوئی رواج نہ تھا اور قمری تاریخ کے دو مختلف نظام بھی جاری تھے' جن میں سے ایک نظام کی اصل صورت کا مسئلہ تاحال تحقیق طلب ہے' اس عہد کے واقعات کے تذکروں میں اس قسم کی غلطیوں کا امکان بعید از قیاس نہیں۔ لہٰذا مصدقہ روایات کے بغیر عوام الناس میں مشہور دنوں' تاریخوں اور مہینوں کی تطبیق محض قیاس آرائیوں کے زور پر نہیں کی جا سکتی۔

حاصل

مندرجہ بالا سوالات اس موضوع پر کئے جانے والے متعدد سوالات میں سے چند ایک ہیں جنہیں عہد نبوی کے زمانے کا تعین کرنے میں پیش نظر رکھا جائے تو کیفیت اس قدر گنجلک ہو جاتی ہے کہ ایک مقام پر درست تصور کئے گئے کسی مفروضے کا اگر اسی جیسے دوسرے مقامات

پر اطلاق کیا جائے تو نتائج حسب منشا نہیں نکلتے اور مزید پیچیدگیاں جنم لیتی ہیں۔ ان حالات میں کسی تحقیق کو مستند قرار دینے سے پہلے ضروری ہو جاتا ہے کہ مندرجہ بالا تمام سوالات کے ممکنہ جوابات کو جانچ پڑتال کے جملہ مراحل سے گزارا جائے مگر، جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے، یہ کام اتنا آسان نہیں جتنا کہ سمجھ لیا گیا ہے۔ گہری تحقیق کے بغیر محض سطحی قیاسات کو فیصلہ کن انداز میں حتمی قرار دینے کا عمل موضوع کے ساتھ انصاف نہیں ہو سکتا۔

قمری اور قمریہ شمسی تقویم کا تقابلی مطالعہ

ولادت رسولِ اکرمؐ اور آپؐ کے وصال کی بیان کردہ تاریخوں میں زیادہ سے زیادہ اختلاف کو پیشِ نظر رکھا جائے تو عہد نبوی خالص قمری تقویم کے اعتبار سے سنہ 55 قبل ہجری (569 عیسوی) اور سنہ 11 ہجری (632 عیسوی) کے درمیانی عرصے پر محیط ہے۔ آئندہ صفحات میں اس عہد کی قمری اور قمریہ شمسی تقویم کے مہینوں اور سالوں کا ایک دوسرے کے ساتھ تقابل پیش کیا گیا ہے۔ اس کے مقابل حسابی قاعدوں کی روشنی میں ہر قمری مہینے کے آغاز کا دن سنہ عیسوی کی تاریخ کے ساتھ درج ہے۔ اس قمریہ شمسی تقویم کی بنیاد زیرِ نظر باب کے شروع میں بیان کردہ یہودیوں کے ہاں رائج تقویمی نظام ہے جس کے تحت 19 سالہ قمری دور کے مندرجہ ذیل سات سال کبیسہ ہوتے ہیں:

3، 6، 8، 11، 14، 17 اور 19

